SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ)

### زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ )کیا ہے؟

اگر کوئی جوڑا علیحدگی کا یا طلاق لینے کا فیصلہ کرتا ہے، تو ایک ساتھی کو دوسرے کی مالی مدد کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ)عام طور پر ماہانہ بنیادوں پر ادا کیاجاتا ہے، لیکن اسے یکمشت کے طور پر بھی ادا کیا جا سکتا ہے۔ (اسپاؤزل سپورٹ) زیادہ کمانے والے پارٹنر (اداکنندہ)کے ذریعہ اس پارٹنر کو ادا کیا جاتا ہے جو کم کماتا ہے (وصول کنندہ)۔

زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ) بچوں کے نفقہ ( چائلڈ سپورٹ )کی طرح خودکار نہیں ہے۔ آپ کو یا تو اس سے اتفاق کرنا ہوگا یا اس کا حکم نامہ حاصل کرنے کے لیے عدالت میں جانا ہوگا۔

### زوجین کا نفقہ(اسپاوز ل سپورٹ) کے لیے کون اہل ہے؟

- شادی شدہ جوڑے
- وہ جوڑے جو کم از کم تین سال تک اکٹھے رہےہیں
- وہ جوڑے جو کسی بھی مدت کے لیے کچھ مستقل تعلقات میں تھے اور آپس میں ان کا ایک بچہ ہے
- اگر آپ کو آپ کے شریک حیات نے کینیڈا آنے کے لیے اسپانسر کیا تھا، تو آپ کے شریک حیات نے اسپانسر شپ کی درخواست میں آپ کے کینیڈا پہنچنے کے بعد ایک مدت کے لیے آپ کی مدد کے لیے رضامندی ظاہر کی ہوگی۔ اس وقت کے دوران، اگر آپ علیحدگی اختیار کرتے ہیں تو انہیں آپ کو زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ)بھی ادا کرنے کی ضرورت ہوگی۔

نوٹ کریں: زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کے اہل ہونے کے لیے آپ کو شادی شدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

### زوجین کے نفقہ کفالت(اسپاؤزل سپورٹ) کا مقصد

- شادی یا رشتے میں شریک پارٹنر کو اس قابل بنانا کہ وہ علیحدگی کے بعد مالی طور پر اپنی مددخود کر سکے
- علیحدگی یا طلاق کی وجہ سے کسی کو درپیش مالی مشکلات کو کم کرنا
- چائلڈ سپورٹ ادا کرنے کی ذمہ داری کے علاوہ بچوں کی نگہداشت کے اخراجات کو بانٹنا
- تعلقات میں ہر پارٹنر کے تعاون کو تسلیم کرنا ، مثال کے طور پر، اگر ایک شخص نے بچوں کی دیکھ بھال کے مقصد سےروزگاری کرنا چھوڑ دیا تو اسے معاوضہ دیا جا سکتا ہے۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

### کیا مجھے زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ) ملے گا؟

اہلیت کا تعین کرتے وقت کئی عوامل مد نظر رکھے جاتے ہیں جن میں شامل ہیں:

- آپ اور آپ کا ساتھی کتنے عرصے سے ایک ساتھ رہےہیں
- آیا آپ کے آپس میں بچے ہیں ، اور ان کی دیکھ بھال کون کر تارہا ہے
- آپ دونوں کی آمدنی اور مالی صورتحال
- آپ کے تعلقات کے دوران آپ کی کوئی بھی ذمہ داریاں جو آپ کو اپنا کیریئر بنانے سے روکتی تھیں، جیسے کہ بچوں کی دیکھ بھال کرنا یا اپنے شریک حیات کو ان کا کیریئر بنانے میں مدد کرنا
- آیا علیحدگی یا طلاق نے آپ کو مالی طور پر ضرورت مند بنا دیا ہے اور آیا آپ کے سابق ساتھی کے پاس کفالت کی ادائیگی کے لیے کافی آمدنی اور اثاثے ہیں
- کیا آپ دونوں کے درمیان کوئی قانونی معاہدہ ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اگر آپ علیحدگی اختیار کرتے ہیں تو زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کس کو ملے گا
- *زوجین کا نفقہ (اسپائوزل سپورٹ)سے متعلق مشاورتی رہنما اصول اور خطوط*(ایس ایس اے جی) (*Spousal Support Advisory Guidelines* (SSAG)

### مجھے کتنا زوجیت کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) ملے گا اور کب تک مجھے ملتا رہے گا؟

زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کی مقدار اور مدت کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے، بشمول:

- اگر آپ کی آمدنی اور آپ کے سابق ساتھی کی آمدنی میں بڑا فرق ہے
- آپ کتنے عرصے سے اکٹھے رہے ہیں (اگر آپ بہت طویل عرصے تک اکٹھے رہے ہیں تو آپ کو زیادہ رقم ، اور زیادہ مدت کے لیے مل سکتی ہے)
- آیا آپ کے آپس میں بچے ہیں، اور ان کی دیکھ بھال کون کر تا رہا ہے
- آپ کی عمر اور آپ کے ساتھی کی عمر
- رشتے کے دوران آپ دونوں میں سے ہر ایک کے جو کردارتھے
- آپ دونوں میں سے ہر ایک کی ذہنی اور جسمانی صحت
- آپ دونوں میں سے ہر ایک کے خود کو سنبھالنے کی صلاحیت

### زوجین کا نفقہ(اسپاؤسل سپورٹ) کیسے حاصل کیا جائے

1. علیحدگی کا معاہدہ – ایک جوڑا اس بات پر متفق ہو سکتا ہے کہ زوجین کے نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کی ادائیگی کتنی ہو گی اور کتنی بار۔ اس سے انہیں عدالتی عمل سے گزرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ معاہدہ اب بھی عدالت میں دائر کیا جا سکتا ہے تاکہ یہ قابل عمل ہو۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

2. عدالت - جوڑا عدالتی عمل سے گزر سکتا ہے اور ایک جج کئی عوامل پر غور کرے گا اور حکم دینے سے پہلے زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کے مشورے کے رہنما اصولوں *(Spousal Support Advisory Guidelines)* کو دیکھے گا۔

نوٹ کریں: *زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کے مشورے کے رہنما اصولوں(Spousal Support Advisory Guidelines)* کو زوجین کے نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کی مقدار اور مدت کا تعین کرنے کے لیے بطور رہنما استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ قانون نہیں ہے لیکن عدالتیں باقاعدگی سے رہنما اصولوں کا استعمال کرتی ہیں۔

**اگرمیرا ساتھی زوجین کے نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کی ادائیگی نہیں کرتا ہے، تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا ساتھی معاہدے میں زوجین کے نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ) کی ادائیگی نہیں کرے گا، تو آپ اپنے معاہدے کو فیملی ریسپانسیبلٹی آفس (FRO) کے ساتھ رجسٹر کر سکتے ہیں۔ایف آر او (FRO) ایک سرکاری ایجنسی ہے جو امدادی ادائیگیوں کو نافذ کرنے کی ذمہ دار ہے۔ عدالتی حکم خود بخود ایف آر او (FRO) کو بھیج دیا جائے گا لیکن عدالت سے باہر ہونے والے معاہدوں کو عدالت میں دائر کرنے اور پھر ایف آر او (FRO) کے ساتھ رجسٹر کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ایک بار جب آپ ایف آر او (FRO) کے ساتھ رجسٹر ہو جاتے ہیں، تو وہ آپ کے لیے امدادی ادائیگیاں نافذ کریں گے۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کو آپ کی ادائیگی مل جائے ،ایف آر او (FRO) کچھ چیزیں کر سکتا ہے۔ ان میں شامل ہوسکتے ہیں،

- ادائیگی کرنے والے کے بینک اکاؤنٹ، ریٹائرمنٹ کی بچت، روزگار کابیمہ، فوائد، یا اجرت سے براہ راست رقم لینا۔
- ادائیگی کرنے والے کا ڈرائیور کا لائسنس معطل کرنا
- ادائیگی کرنے والے کو ان کی جائیداد کی ملکیت بیچنے یا منتقل کرنے سے روکنا جب تک کہ وہ زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ)ادا نہ کرے
- ان کے خلاف عدالتی مقدمہ شروع کرنا

**زوجین کے نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کے معاہدوں یا احکامات کو تبدیل کرنا**

اگر آپ کی صورت حال یا آپ کے ساتھی کی صورتحال بدل جاتی ہے، تو آپ کو اپنے زوجین کا نفقہ (اسپاؤزل سپورٹ)کے معاہدے یا آرڈر میں تبدیلیاں کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

تبدیلیاں کرنے کے لیے، آپ کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ "حالات میں مادی تبدیلی" ہوئی ہے، جیسے :

- آپ کی آمدنی یا آپ کے ساتھی کی آمدنی بدل گئی ہے
- اب آپ کو زوجین کے نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) کی ضرورت نہیں ہے
- آپ نے دوبارہ شادی کی ہے، اور آپ کو زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) صرف اس لیےمل رہا تھا کیونکہ آپ کو پہلے اس کی ضرورت تھی
- بچوں کے لیے انتظام بدل گیا ہے۔

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

آپ کا علیحدگی کا معاہدہ یا عدالتی حکم پہلے ہی بتا سکتا ہے کہ حالات میں کسی بھی تبدیلی سے کیسے نمٹا جائے۔مثال کے طور پر، یہ ان حالات کی وضاحت کر سکتا ہے جہاں زوجین کا نفقہ(اسپاؤزل سپورٹ) ختم ہو جائے گا۔ دوسری صورت میں، اگر آپ دونوں تبدیلیوں سے اتفاق کرتی/ کرتے ہیں، تو آپ ایک نئے معاہدے کا مسودہ تیار کرسکتے ہیں اور اس پر دستخط کرسکتے ہیں۔ اگر آپ نے پہلے اسے عدالت اور ایف آر او میں دائر کیا تھا، تو آپ پچھلے معاہدے کو تبدیل کرنے کے لیے ایک نیا معاہدہ فائل کرسکتے ہیں۔ اگر آپ اپنے موجودہ عدالتی حکم کو تبدیل کرنے پر راضی ہیں، تو آپ عدالت میں دستاویزات جمع کرواسکتے ہیں اور عدالت سے اپنے نئے معاہدے کی بنیاد پر آپ کو رضامندی کا حکم دینے کے لیے کہہ سکتی/ سکتے ہیں۔ اگر آپ علیحدگی کا نیا معاہدہ کرنے یا اپنا آرڈر تبدیل کرنے پر راضی نہیں ہو سکتی/ سکتے ہیں، تو آپ عدالت سے باہر اپنے معاملے کو "متبادل تنازعات کے حل "(ADR) کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں، یا آپ عدالت میں جا کر جج سے تبدیلیاں کرنے کو کہہ سکتے ہیں۔